لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ شعبان سنہ ۱۳۳۶ھ مطابق ۲۷ مئی سنہ ۱۹۱۸ء	جلد ۱۰

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ منصرم صاحب فیلخانہ	۱
۲	دس روپیہ ماہواری اضافہ ملازمان امپیریل سروس	۲
۳	تقرر سید محمد حسین عہدہ محافظ دفتر صدر	"
۴	رخصت ناظر اجلاس ہمایون	"
۵	رخصت اسکیپیران اہلمد اجلاس ہمایون	"
۶	رخصت اسسٹنٹ منشی	"
۷	رخصت جیلر صاحب زندان	"
۸	رخصت سب انسپکٹر پولیس	"
۹	رخصت سید ... پولیس	"
۱۰	رخصت صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر ضلع	"
۱۱	رخصت اہلمد سررشتہ ذات خاص	"
۱۲	نقشہ نرخنامہ و نقشہ جات رفاہ	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۸ء

حسب رپورٹ پرائیوٹ سکریٹری صاحب بہادر سید غلام ... منصرم فیلخانہ کی موجودہ تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار میں پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ انجام کار متعلقہ جشن اسلوبی منظور ...

روبکار محکمۂ عالیہ دار الانشا اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم
واقع ۲۱ مئی ۱۹۱۸ء

بنظر پرورش وسپاہ نوازی مابدولت واقبال منظور فرماتے ہین کہ یکم جون ۱۹۱۸ء سے ملازمان امپیریل سروس لانسرز کی موجودہ تنخواہ مین دس ۱۰ روپیہ فیصدی کے حساب سے ترقی دیجائے - آیندہ سواران کو ۱۶ کے بجائے ۱۸ ماہوار تنخواہ ملے گی - اور اسی تناسب سے کمیشنڈ اور نان کمیشنڈ افسران تنخواہ پاوینگے - مگر چونکہ کمانڈنگ افسر زمرۂ مذکور کی تنخواہ ذاتی ہے یعنی کسی خاص پایہ کے لحاظ سے نہین ہے - لہذا وہ اس اضافہ سے مستفید نہین ہونگے

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون - ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ ہو -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۲۵ مئی ۱۹۱۸ء

محافظخانۂ صدر مین پہلے دو محافظ دفتر تھے - ایک محافظ دفتر محالات - دوسرا محافظ دفتر کلیات - مگر اب صرف ایک محافظ دفتر ہے - لہذا بنظر مناسب سید گلزار حسین کو بمشاہرہ چالیس ۴۰ روپیہ ماہوار محافظ دفتر صدر مقرر کیا جاتا ہے - صاحب ریونیو سکریٹری بہادر محافظ دفتر موجودہ اور سید گلزار حسین مین حسب صراحت بالا تقسیم کام کردین -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا صدور احکام ضابطہ جاری ہون

ملخص احکام اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت
۱۴ مئی ۱۹۱۸ء

حسب مرضی درخواست منشی گلزار علی ناظر اجلاس ہمایون - رخصت پندرہ یوم ۱۶ مئی سے بغرض مردانگی تعصبہ بالی بذمہ داری منشی سید ذاکر علی اہلمد اجلاس ہمایون منظور ہوئی -

رخصت
۱۰ مئی ۱۹۱۸ء

حسب مرضی درخواست منشی امتیاز حسین اہلمد اجلاس ہمایون پندرہ یوم کی رخصت بوجہ علالت طبیعہ ۱۰ مئی ۱۹۱۸ء سے بذمہ داری سید ذاکر علی اہلمد اجلاس ہمایون منظور کی گئی

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت
۲۰ مئی ۱۹۱۸ء

حسب مرضی درخواست سید مشتاق علی انسپکٹر [illegible] منصرم میونسپل فنڈ رخصت یکم جون ۱۹۱۸ء سے منظور ہوئی -

رخصت
۱۷ مئی ۱۹۱۸ء

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایون رخصت پندرہ یوم جیلر صاحب زندان بغرض روانگی دیہات منظور ہوئی -

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت
۱۹ مئی ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس رخصت اتفاقیہ سید [illegible] حسین سب انسپکٹر پولیس منظور کی گئی -

۲۳ مئی ۱۹۱۸ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس رخصت دو ماہ نیاز احمد ہیڈ کانسٹبل بوضع تنخواہ منظور کی گئی -

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت
۲۰ مئی ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر رخصت صاحب مجسٹریٹ ضلع [illegible] ۲۲ مئی سے حال تک بضرورت کار خانگی منظور ہوئی [illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ
۱۹ مئی ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص سید محمد عظمت شاہ اہلمد سپرنٹنڈنٹی ذات خاص کی تنخواہ مین بوجہ حسن انجام خدمات وحاضر باشی وغیرہ دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا -

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۵ لغایت ۱۱ مئی ۱۹۱۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ مار	۱۰ مار		۹ مار	۹ مار		تحصیل ملک و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۹ مار	۱۱ مار		۱۰ مار	۱۱ مار		
نخود گشتہ آمیز	۱۱ مار	۱۲ مار		۱۲ مار	۱۳ مار		
گشتہ	۱۲ مار	۱۲ مار		۱۲ مار	۱۴ مار		
ماش	۷ مار	۷ مار		۷ مار	۷ مار		
مونگ	۷ مار	۷ مار		۰	۷ مار		
مکا	۱۴ مار	۰		۱۴ مار	۱۵ مار		
جنی	۱۳ مار	۰		۱۵ مار	۱۵ مار		
گوجنی	۰	۱۱ مار		۰	۱۴ مار		
عدس	۹ مار	۰		۰	۱۰ مار		
ارہر	۱۳ مار	۱۱ مار		۱۵ مار	۱۶ مار		
برنج	۶ مار	۶ مار		۶ مار	۶ مار		
روغن زرد	[illegible] مار	[illegible] مار		[illegible] مار	[illegible] مار		
روغن سیاہ	[illegible] مار	۱ مار		۱ مار	۲ مار		
روغن کنجد	۱ مار	۱ مار		۱ مار	۱ مار		
نمک سانبھر	۱۰ مار	۱۰ مار		۹ مار	۱۱ مار		
نمک لاہوری	۰	۰		۴ مار	۵ مار		
قند سیاہ	۷ مار	۷ مار		۸ مار	۷ مار		
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۱۰ مار		